سوال

(28) بیوی کی دبر میں وطی کرنے کا گناہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سوال۔ اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی دبر میں جماع کرلیتا ہے تو اس کا کیا گناہ ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بیوی کی دبر میں جماع کرنا حرام اور ملعون عمل ہے، نبی کریم نے فرمایا

" مَلْعُونٌ مَنْ أَتَى امْرَأَتَهُ فِي دُبُرِهَا سنن أبي داود كتاب النكاح باب في جامع النكاح حديث نمبر 2162

جو شخص اپنی بیوی سے دبر میں جماع کرے وہ ملعون (لعنت زدہ) ہے۔

ایسا کرنے والے شخص پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالی سے پکی پکی توبہ کرے اور دوبارہ اس ملعون فعل کو نہ دہرائے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد01